# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## شعبہ تعلقات عامہ

## پریس ریلیز

مورخہ 21 جنوری 2021ء

الیکشن کمیشن آف پاکستان کا ایک اہم اجلاس آج الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ میں چیف الیکشن کمشنر جناب سکندر سلطان راجہ کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں ممبران الیکشن کمیشن، وزیر قانون حکومت پنجاب، سیکرٹری الیکشن کمیشن، پنجاب حکومت اور خیبر پختونخواہ کے علاوہ الیکشن کمیشن کے دیگر افسران نے شرکت کی۔

آج کا اجلاس صوبہ پنجاب اور خیبر پختونخواہ میں مقامی حکومتوں کے انتخابات کے انعقاد سے متعلق تھا جو کہ مورخہ 6 جنوری 2021 کو ہونے والے اجلاس کے تسلسل میں ہوا۔ جس میں حکومت پنجاب کو ہدایت کی گئی تھی کہ 15 دن کے اندر بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کی تاریخ سے الیکشن کمیشن کو آگاہ کرے اور 10 جنوری 2021 تک ولیج و نیبر ہوڈ کونسل کے ناموں کی اشاعت کر کے الیکشن کمیشن کو اس کی تفصیل دیں۔ تاکہ الیکشن کمیشن ابتدائی حلقہ بندیوں کی اشاعت کر سکے۔ الیکشن کمیشن کو بتایا گیا کہ الیکٹورل گروپس کی رجسٹریشن کے لئے مجاز افسران اور ان کی طرف سے درخواستوں کی منظوری / نامنظوری کے خلاف سماعت کے لئے مجاز افسران کے تقرر کا نوٹیفکیشن مورخہ 15 جنوری 2021 کر دیا گیا ہے۔ جبکہ الیکٹورل گروپس کی رجسٹریشن کا شیڈول الیکشن کمیشن کی باضابطہ منظوری کے بعد جاری کر دیا جائیگا۔ صوبہ خیبر پختونخواہ کے 6 اضلاع میں حلقہ بندیوں کا کام جاری ہے جبکہ ضلع پشاور میں صوبائی حکومت کی طرف سے تحصیل وائز ولیج / نیبر ہوڈ کونسل کا نوٹیفکیشن نہ ہونے کی وجہ سے حلقہ بندی شروع نہ ہو سکی ہے جبکہ کنڈکٹ آف الیکشن رولز کا نوٹیفکیشن بھی ابھی تک حکومت خیبر پختونخواہ نے جاری نہ کیا ہے۔

وزیر قانون پنجاب راجہ بشارت صاحب نے الیکشن کمیشن کو بتایا کہ پنجاب حکومت بلدیاتی انتخابات ستمبر 2021ء تک کروانے کا تجویز کرتی ہے مزید 15 دن کے اندر ولیج پنچائیت / نیبر ہوڈ الیکشن کے لئے بھی ضروری تفصیلات الیکشن کمیشن کو مہیا کر دی جائے گی۔ الیکشن کمیشن نے اس پر ہدایت جاری کی کہ مقررہ مدت میں ضروری معلومات مہیا کی جائیں۔ تاکہ مقامی حکومتوں کے انتخابات کی تاریخ کا تعین الیکشن کمیشن کر سکے۔ پنجاب حکومت کی تجویز کی روشنی میں الیکشن کمیشن اگلے ہفتے الیکشن کی تاریخ کا فیصلہ کرے گا۔

سیکرٹری لوکل گورنمنٹ خیبر پختونخواہ نے آگاہ کیا کہ بورڈ آف ریونیو سے پشاور کی تحصیل حدود کا نوٹیفکیشن موصول ہو گیا ہے اور اس پر جلد ہی تحصیل وائز ولیج / نیبر ہوڈ کونسل کی تعداد کا نوٹیفکیشن کر دیا جائے گا۔ مزید برآں کنڈکٹ آف الیکشن رولز 2020 صوبائی کابینہ کو ارسال کر دیئے گئے ہیں اور امید ہے کہ آئندہ ہونے والے اجلاس میں کابینہ سے ان کی باضابطہ منظوری مل جائے گی۔

الیکشن کمیشن نے اس پر ہدایت جاری کی کہ تمام دستاویزات 15 دن کے اندر مہیا کر دی جائیں۔ کمیشن کے آئندہ اجلاس میں حکومت سے ضروری ہدایات لے کر آئیں کہ صوبائی حکومت کن تاریخوں میں الیکشن کا انعقاد چاہتی ہے۔ الیکشن کمیشن کا آئندہ اجلاس 15 روز کے بعد طلب کر لیا گیا۔

**************

